# 05-10-2023 THURSDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ آر بی آئی اور ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ تلنگانہ اسمبلی انتخابات سے قبل آن لائن لین دین پر نظر رکھیں۔

☆ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کل رنگا ریڈی ضلع کے مہیشورم حلقہ کے راوی رالا ضلع پریشد اسکول میں کل اسکولی بچوں کیلئے ناشتہ کی اسکیم کا افتتاح کریں گے۔

☆ بلدی نظم و نسق کے وزیر کے ٹی راما راؤ نے وزیر اعظم نریندر مودی سے سوال کیا ہے کہ سال 2022 تک کسانوں کی آمدنی کو دگنا کرنے کا ان کا وعدہ کیا ہوا۔

☆ سنگارینی کے ملازمین کو اس مہینہ کی 16 تاریخ کو دسہرہ کے تحفہ کے طور پر کمپنی کی آمدنی کا ایک حصہ بونس کے طور پر ادا کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ آر بی آئی اور ریاستی سطح کی بینکرس کمیٹی سے کہا گیا ہے کہ وہ تلنگانہ اسمبلی انتخابات سے قبل آن لائن لین دین پر نظر رکھیں۔ انہوں نے آرٹیفشل انٹلی جنس کی مدد سے رقمی لین دین پر نظر رکھنے کا تیقن دیا ہے۔ نقد رقم، شراب اور مفت تقسیم کی جانے والی اشیاء کے غیر قانونی ٹرانسپورٹ کو روکنے کیلئے ریاستی سرحدوں کے چیک پوسٹ پر کڑی نظر رکھنے کیلئے ریاستی ایجنسیوں کو ہدایت دی گئی ہے۔ چیف الیکشن کمشنر ریاست میں انتخابی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے تین روزہ دورہ کے بعد آج حیدرآباد میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے تلنگانہ کے عوام کو تیقن دیا کہ آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس کے علاوہ الیکشن کمیشن ووٹرس کو رجھانے کیلئے استعمال کیے جانے والے مختلف طریقوں کی روک تھام بھی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ووٹر لسٹ میں تمام اہل ووٹرس کی شمولیت اور خواتین کی رائے دہی کے فیصد کو بڑھانے کیلئے تمام اقدامات کیے گئے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر نے کہا کہ پہلی مرتبہ تلنگانہ میں 80 سال سے زائد کی عمر کے چار لاکھ تر تالیس ہزار ووٹرس کیلئے اپنے گھر سے ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ اسی طرح پانچ لاکھ سے زائد معذور ووٹرس بھی اگر چاہیں تو اپنے گھر سے حق رائے دہی کا استعمال کر سکتے ہیں۔ معذورین اگر پولنگ اسٹیشن آکر ووٹ ڈالنا چاہتے ہیں تو ان کیلئے تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں ووٹرس کی تعداد تین کروڑ سترہ لاکھ سے زیادہ ہے۔ انہوں نے مرد اور خاتون رائے دہندوں کے صحت مندانہ تناسب پر اطمینان کا اظہار کیا۔ راجیو کمار نے نئے اور نوجوان ووٹرس کی شمولیت پر بھی اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے حیدرآباد کے 23 شہری اسمبلی حلقوں میں رائے دہی کے فیصد میں اضافہ کیلئے ایک مشن شروع کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انفوسمنٹ ایجنسیوں کو سختی کے ساتھ ہدایت دی گئی ہے کہ وہ انتخابات میں رقومات کے استعمال کو روکنے کیلئے 148 چیک پوسٹ پر کڑی نظر رکھیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر اندرا کرن ریڈی نے آج نرمل ضلع ہیڈ کوارٹر پر ہریتا ٹورزم ہوٹل کا سنگ بنیاد رکھا۔ یہ ہوٹل بارہ کروڑ روپئے کی لاگت سے تعمیر کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اس ہوٹل میں سیاحوں کے لئے تمام سہولتیں پہنچائی جائیں گی۔ نرمل کے اطراف کئی سیاحتی مقامات ہیں جن میں باسر، کڑم پراجکٹ اور کوال سینکچوری شامل ہیں۔ بعد میں اندرا کرن ریڈی نے 26 مستحقین میں کلیان لکشمی اور شادی مبارک کے چیک تقسیم کئے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر صحت ہریش راؤ نے کہا ہے کہ اسٹاف، نرسوں کو اب نرسنگ ڈاکٹر کہا جائے گا۔ اس سلسلے میں احکام جاری کر دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے آج سدی پیٹ میں میڈیکل کالج سے ملحق ایک ہزار بستروں کے سوپر اسپشیالٹی دواخانہ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ بنیادی علاج سے لیکر جان لیوا بیماریوں کے علاج تک تمام طبی سہولتیں سدی پیٹ گورنمنٹ سوپر اسپشیالٹی میڈیکل کالج میں دستیاب ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ ہر ضلع میں ایک میڈیکل کالج کی تعمیر کی وجہ سے مزدوروں کے بچے بھی ڈاکٹرس بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے قبل مریضوں کو سدی پیٹ میڈیکل کالج سے بہتر علاج کیلئے حیدرآباد کے گاندھی اور عثمانیہ ہاسپٹل آنا پڑتا تھا لیکن اب جدید طبی سہولتیں سدی پیٹ میں ہی دستیاب ہیں۔ ہریش راؤ نے نئے کینسر بلاک کی تعمیر کا بھی سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے کہا کہ اس دواخانہ میں اب کینسر کے علاج کی سہولت بھی دستیاب ہوگی۔

تلنگانہ میں ووٹرس کی قطعی فہرست جاری کردی گئی ہے۔ 119 اسمبلی حلقوں میں ووٹرس کی جملہ تعداد 3 کروڑ، 17 لاکھ، 17 ہزار، 389 ہے۔ اس سال جنوری کے مقابلے ووٹرس کی تعداد میں 5.8 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ 18 تا 19 سال کی عمر کے پانچ لاکھ، 32 ہزار، 990 ووٹرس کو شامل کیا گیا ہے۔ ووٹرس کی جملہ تعداد میں نوجوان ووٹرس 2.56 فیصد ہیں۔ چیف الکٹورل آفیسر نے قطعی ووٹرلسٹ جاری کی۔ ان میں ایک کروڑ، اٹھاون لاکھ، اکہتر ہزار، چارسوتریانوے مرد۔ ایک کروڑ، اٹھاون لاکھ، ترتالیس ہزار، تین سوانچالیس خواتین شامل ہیں۔ تیسری جنس کے 2 ہزار 557 ووٹرس بھی اس لسٹ میں شامل ہیں۔ پندرہ ہزار تین سواڑتیس سروِیس ووٹرس اور 2 ہزار 780 سمندر پار ووٹرس بھی اس فہرست میں شامل ہیں۔ ووٹرلسٹ پر نظرثانی کے عمل کے دوران 17 لاکھ، 1 ہزار 87 نئے ووٹرس کے نام درج کیے گئے۔ چھ لاکھ، دس ہزار، چھ سو چورانوے ووٹرس کے نام خارج کیے گئے جبکہ پانچ لاکھ اسّی ہزار 208 کی تفصیلات درست کی گئی۔ ووٹرس لسٹ میں جنسی تناسب میں بہتری آئی ہے۔ ہر ایک ہزار مردوں کے مقابلے 998 خواتین ہیں۔ 80 سال سے زیادہ کے عمر کے 43 ہزار، 943 ووٹرس ہیں۔ معذورین کی تعداد 5 لاکھ، 6 ہزار، 493 ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد میں 14 سے زیادہ مقامات پر انکم ٹیکس کے چھاپے جاری ہیں۔ بھارت راشٹر اسمیتی سے تعلق رکھنے والے سیاستدانوں اور کئی تاجروں کے مکانات پر چھاپے مارے جارہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق بی آر ایس ایم ایل اے ماگنٹی گوپی ناتھ کے دفاتر اور مکانات کی تلاشی لی جارہی ہے۔ تاجر پرساد، کوٹیشور راؤ، رگھوویر اور وجراناتھ کے مکانات اور دفاتر کی تلاشی لی جارہی ہے۔ یہ تاجرین رکن اسمبلی کے رشتہ دار ہیں۔ آئی ٹی کے عہدیدار ٹیکس چوری کی شکایتوں کی تحقیقات کررہے ہیں۔

☆☆☆☆☆

بالائی علاقوں میں بارش کی وجہ سے نظام ساگر ذخیرہ آب میں 2 ہزار 500 کیوزیک پانی جمع ہورہا ہے۔ آبی وسائل کے محکمہ کے عہدیدار شیوا پرساد نے بتایا کہ ایک بڑے فلڈ گیٹ کو کھولتے ہوئے تین ہزار کیوزیک پانی منجرا میں چھوڑا جارہا ہے۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کل رنگاریڈی ضلع کے مہیشورم حلقہ کے راوی رالا ضلع پریشد اسکول میں کل اسکولی بچوں کیلئے ناشتہ کی اسکیم کا افتتاح کریں گے۔ چیف منسٹر کے سی آر صبح آٹھ بجکر پینتالیس منٹ پر اس اسکیم کا افتتاح انجام دیں گے۔ اس اسکیم سے تقریباً 23 لاکھ طلبہ مستفید ہوں گے۔ اسکول کا آغاز صبح ساڑھے نو بجے ہوتا ہے جبکہ روزانہ آٹھ بجکر پینتالیس منٹ پر ناشتہ دیا جائے گا۔ ریاست کے تمام اسکولوں میں دسہرہ کی تعطیلات کے بعد 26 اکتوبر سے اس اسکیم پر عمل کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

بلدی نظم ونسق کے وزیر کے ٹی راماراؤ نے وزیراعظم نریندر مودی سے سوال کیا ہے کہ سال 2022 تک کسانوں کی آمدنی کو دگنا کرنے کا ان کا وعدہ کیا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کو چھوڑ کر دیگر ریاستوں میں کسانوں کی مشکلات دوگنی ہوگئی ہیں۔ انہوں نے وزراء سرینواس یادو اور سبیتا اندرا ریڈی کے ساتھ مل کر آج رنگاریڈی ضلع کے مہیشورم حلقہ کے راوی رالا میں وجئے میگا ڈائری کا افتتاح کیا۔

☆☆☆☆☆

سنگارینی کے ملازمین کو اس مہینہ کی 16 تاریخ کو دسہرہ کے تحفہ کے طور پر کمپنی کی آمدنی کا ایک حصہ بونس کے طور پر ادا کیا جائے گا۔ یہ رقم 711 کروڑ، اٹھارہ لاکھ روپئے ہوگی۔ سنگارینی کے چیئرمین اور منیجنگ ڈائرکٹر این سریدھر نے آج اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال سنگارینی میں 2 ہزار 222 کروڑ، چھیالیس لاکھ روپئے کا منافع کمایا۔ انہوں نے کہا کہ بتیس فیصد منافع بونس کے طور پر دسہرہ سے ایک ہفتہ قبل ادا کیا جارہا ہے۔ ہر ملازم کو اوسطاً ایک لاکھ پچاس ہزار روپئے کا بونس ملے گا۔

☆☆☆☆☆

وجئے واڑہ کی اے سی بی عدالت نے آندھراپردیش کے سابق چیف منسٹر چندرابابو نائیڈو کی عدالتی تحویل میں اس مہینہ کی 19 تاریخ تک توسیع کردی ہے۔ ACB عدالت کے جج نے چندرابابو نائیڈو کی ضمانت کی عرضی اوران کی تحویل کیلئے سی بی آئی کی عرضی پر سماعت کل تک ملتوی کردی۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے راجیوگاندھی انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم اوپل میں کل پاکستان اورنیدرلینڈ کے درمیان ورلڈکپ کا میاچ کھیلا جائے گا۔اس میاچ کے پیش نظر پولیس نے تماشائیوں کیلئے ضروری ہدایات جاری کی ہیں۔میاچ دیکھنے کے لئے آنے والوں کولیاب ٹاپ، بیانرس، پانی کے بوتل، کیمرے،سگریٹ،الیکٹرانک آئٹمس،ساتھ لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

☆☆☆☆☆